© rasailojaraid.com



کانفرنس کی انتظامی کمیٹیوں کے ارکان سے تاکیدی گزارش ہے کہ وہ 10 ربیع الاوّل کی شام تک لازماً چناب نگر پہنچ جائیں، پہلی تربیتی نشست اِن شاءاللہ تعالیٰ 11 ربیع الاوّل، جمعرات کو بعد نماز ظہر شروع ہو جائے گی، پھر شب و روز، حضرات مشائخ عظام، علماء و دانشور اور صحافی، طلباء رہنما شرکت و خطاب کریں گے۔ احرار کارکنوں اور مجاہدین ختم نبوت سے درخواست ہے کہ ارسال کیے گئے سرکلر اور ہدایات پر خصوصی توجہ دیں اور احرار کی قدیم روایات کے مطابق مکمل نظم وضبط اور جوش و جذبے کے ساتھ شریک ہوں۔ مقامی طور پر حضرات علماء کرام اور دینی کارکنوں کے علاوہ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے حضرات کو کانفرنس کی طرف متوجہ کریں۔ اس کام کے لیے سرکلر کے ساتھ ایک تحریر لف ہے۔ اس پر مقامی ذمہ دار اپنے نام اور موبائل نمبر درج کر کے مقامی و علاقائی سطح پر تقسیم کیا جائے۔ جن شاخوں نے کانفرنس فنڈ کی مد میں ابھی تک متعینہ رقم نہیں بھجوائی وہ فوری طور پر اس کا اہتمام فرمائیں بصورت دیگر ’’چناب نگر فنڈز وصولی کیمپ‘‘ میں جمع کروائیں، اللہ تعالیٰ آپ اور ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔ آمین یارب العالمین!

## سراج الدین احمد صدیقی کی رحلت:

چیچہ وطنی جماعت کے قدیم کارکن اور انجمن دار العلوم ختم نبوت (رجسٹرڈ) جامع مسجد چیچہ وطنی کے صدر سراج الدین احمد صدیقی 16۔نومبر 2017ء جمعرات کو انتقال کر گئے، (انا للہ وانا الیہ راجعون!)

مرحوم عرصۂ دراز سے ذیابیطیس اور کئی دیگر عوارض میں مبتلا تھے، انتقال سے چند روز پہلے بہاول پور وکٹوریہ ہسپتال میں زیر علاج بھی رہے۔ گزشتہ کئی سال سے علالت کے باوجود ہمت و حوصلے سے وقت گزارا۔ قاضی انوار احمد مرحوم کے فرزند اور سراپا احرار رضوان الدین احمد صدیقی مرحوم کے چھوٹے بھائی تھے، رضوان الدین احمد صدیقی مرحوم اور یہ سارا خاندان قدیم سے احرار کا میزبان گھرانہ مشہور ہے۔ سراج صاحب نظریاتی و جماعتی اور خصوصاً ختم نبوت کی کمٹمنٹ میں بے لچک شخصیت کے مالک تھے۔ چیچہ وطنی جماعت پر اپنوں اور غیروں کی طرف سے آنے والے تمام بحرانوں میں مردِ میدان کی طرح تازیست ڈٹے رہے، ساتھیوں کی میزبانی کر کے جو خوشی محسوس کرتے اس کا عالم دیدنی ہوتا تھا۔ صبح دس بجے کے لگ بھگ سراجیہ دواخانہ پر آتے، اخبار پڑھتے گپ شپ لگاتے اور عصر تا مغرب دفتر احرار کی چائے کی مجلس کے دولہا ہوتے! کبھی نہ آتے تو مجلس ادھوری رہتی، اپنی بیماری کی کیفیت فون پر بتاتے اور سب کا پوچھتے ،فرزندانِ امیر شریعت سے جو متأثر ہوئے تو پھر کسی اور سے متأثر ہونے کا نہ سوچا۔

نماز جنازہ 17 رنومبر 2017ء بعد نماز جمعۃ المبارک جامع مسجد چیچہ وطنی میں ہی ادا کی گئی جوان کی اپنی وصیت کے مطابق ان کے بچپن کے دوست وساتھی حافظ محمد نعیم نے پڑھائی، ہم مرحوم کی اہلیہ، بیٹے حافظ محمد معاویہ سراج دونوں بیٹیوں کے علاوہ مرحوم کے برادران جناب جمال الدین صدیقی، جناب شمس الدین صدیقی (کراچی)، جناب



© rasailojaraid.com